خصوصی پریس ریلیز

# احساس پروگرام مقبول اور وسیع پیمانے پر غریبوں کے لیے فائدہ مندسمجھا جاتا ہے: گیلپ پاکستان

( اسلام آباد) ،23دسمبر ، 2021

گیلپ& گیلانی پاکستان کی جانب سے منعقد کیے جانے والے ایک حالیہ سروے میں، پاکستان میں احساس پروگرام کے حوالے سے لوگوں کی معلومات ، رویوں اور تاثرات کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

یہ سروے پاکستان کے 100 سے زائد اضلاع میں ٹیلی فون طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے 2407 جوابدہندگان سے کیا گیا۔

اس سروے سے مندرجہ ذیل اہم معلومات حاصل کی گئی:

1. **83% پاکستانی کسی حد تک احساس پروگرام سے واقف ہیں۔**
2. **36%پاکستانیوں کے مطابق وفاقی حکومت احساس پروگرام کی رقم فراہم کرتی ہے ۔**
3. **تقریباً ہر 4میں سے 3 (76%) پاکستانی احساس پروگرام کے حوالے سے اچھی رائے رکھتے ہیں ۔**
4. **77%پاکستانی اس بات سے متفق ہیں کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے ۔**
5. **ہر 10 میں سے 6پاکستانیوں کے مطابق وہ ایسے فرد کو جانتے ہیں جسے احساس پروگرام سے رقم موصول ہو ئی۔**
6. **15% پاکستانیوں کے مطابق اُنہیں خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے امداد ملی ہے۔**
7. **احساس پروگرام سے امداد حاصل کرنے والے 86% پاکستانیوں کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سے منتخب کیے جانے والے طریقہ کار سے مطمئن ہیں ۔**
8. **احساس پروگرام سے امداد وصول کرنے والے تقریباً ہر 10 میں سے 9 (89%) پاکستانیوں کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے مطمئن ہیں**
9. **90% پاکستانیوں کے مطابق احساس پروگرام کو مزید چلانا چا ہیے اور مزید افراد کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے۔**


## 1) 83% پاکستانی  کسی حد تک احساس پروگرام سے  واقف ہیں ۔

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 83% پاکستانی  کسی حد تک احساس پروگرام سے  واقف ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب  خواتین  و  حضرات  سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" کیا آ پ نے احساس پروگرام کے بارے میں  سنا ہوا ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 83% جوابدہندگان کے مطابق"ہاں"  اُنہوں نے احساس پروگرام کے بارے میں سنا ہے ، جبکہ17% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں"  اُنہوں نے احساس پروگرام کے بارے میں کبھی کچھ نہیں سنا ہے ۔

**" کیا آ پ نے احساس پروگرام کے بارے   میں سنا ہوا ہے؟"**

**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## 2) 36% پاکستانیوں کے مطابق وفاقی حکومت احساس پروگرام کی رقم فراہم کرتی ہے ۔


گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 36% پاکستانیوں کے مطابق وفاقی حکومت احساس پروگرام کی رقم فراہم کرتی ہے ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب  خواتین  و  حضرات  سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں احساس پروگرام کی رقم کون فراہم کرتا ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں36% جوابدہندگان کے مطابق احساس پروگرام کی رقم وفاقی حکومت فراہم کرتی ہے ، جبکہ 12% جوابدہندگان کے مطابق احساس پروگرام کی رقم صوبائی حکومت فراہم کرتی ہے ، 48% جوابدہندگان کو اس حوالے

سے کچھ معلوم نہیں ،تاہم 4% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا.

**" آپ کے خیال میں احساس پروگرام کی رقم کون فراہم کرتا ہے؟"**

**پاکستان بھر سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## 3) تقریباً ہر 4میں سے 3 (76%) پاکستانی احساس پروگرام کے حوالے سے اچھی رائے رکھتے ہیں ۔

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 4میں سے 3 (76%) پاکستانی احساس پروگرام کے حوالے سے اچھی رائے رکھتے ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ**" بعض لوگوں کی احساس پروگرام کے حوالے سے اچھی رائے ہے، جبکہ بعض افراد کی خراب ۔ آپ کی اس حوالے سے کیا رائے ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں76% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سے اچھی رائے رکھتے ہیں ،جبکہ 9% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سےخراب رائے رکھتے ہیں، 13% جوابدہندگان کو اس حوالے سے کچھ معلوم نہیں ، تاہم 2% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا.

**" بعض لوگوں کی احساس پروگرام کے حوالے سے اچھی رائے ہے جبکہ بعض افراد کی خراب . آپ کی اس حوالے سے کیا رائے ہے ؟"**
**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## 4) 77%پاکستانی اس بات سے متفق ہیں کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے .

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق،77% پاکستانی اس بات سے متفق ہیں کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ**" آپ مند رجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں53% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پر متفق ہیں کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے ، 24% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے کسی حد تک متفق ہیں ، 8% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے کسی حد تک غیر متفق ہیں، جبکہ 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پرغیر متفق ہیں کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے ، تاہم 5% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" آپ مند رجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں ، کہ غریب افراد کی مدد احساس پروگرام سے ہوتی ہے؟"

پاکستان بھر سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## 5) ہر 10 میں سے 6پاکستانیوں کے مطابق وہ ایسے فرد کو جانتے ہیں جسے احساس پروگرام سے رقم موصول ہو ئی۔

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 6پاکستانیوں کے مطابق وہ ایسے فرد کو جانتے ہیں جسے احساس پروگرام سے رقم موصول ہوئی ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ**" آپ مند رجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں ؟- میں ایسے افراد کو جانتا ہوں جنہیں احساس پروگرام سے رقم ملی ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں42% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پر منفق ہیں کہ وہ ایسے افراد کو جانتے ہیں جنہیں احساس پروگرام سے رقم ملی ہے ، 18% جوابدہندگان اس بات سے کسی حد تک متفق ، 6% جوابدہندگان اس بات سے کسی حد تک غیر متفق ، جبکہ 27% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے مکمل طور پرغیر متفق ہیں کہ وہ ایسے افراد کو جانتے ہیں جنہیں احساس پروگرام سے رقم ملی ہے ، تاہم 7% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" آپ مند رجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں ، کہ میں ایسے افراد کو جانتا ہوں جنہیں احساس پروگرام سے رقم ملی ہے؟"

پاکستان بھر سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## 6) 15% پاکستانیوں کے مطابق اُنہیں خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے امداد ملی ہے۔

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 15% پاکستانیوں کے مطابق اُنہیں خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے امداد ملی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا **"کیا آپ کو خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے امداد ملی ہے یا معاضی میں کبھی ملی تھی؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 15% جوابدہندگان کے مطابق"ہاں" انہیں خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے امداد ملی ہے یا ماضی میں ملی تھی ، جبکہ85% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" انہیں خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے کوئی امدادنہیں ملی ہے ۔

**" کیا آپ کو خود ذاتی طور پر احساس پروگرام سے امداد ملی ہے یا معاضی میں کبھی ملی تھی ؟"**

**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## 7) احساس پروگرام سے امداد حاصل کرنے والے 86% پاکستانیوں کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سے منتخب کیے جانے والے طریقہ کار سے مطمئن ہیں ۔


گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، احساس پروگرام سے امداد حاصل کرنے والے 86%پاکستانیوں کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سے منتخب کیے جانے والے طریقہ کار سے مطمئن ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب احساس پروگرام سے امداد حاصل کرنے والے خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ امداد ملنے کے حوالے سے مندرجہ ذیل مراحل کو کیسے ریٹ کر یں گے؟ براہ مہربانی بتائیں کیا آپ احساس پروگرام کے حوالے سے منتخب کیئے جانے والےطریقہ کار سے بہت زیادہ مطمئن ہیں،کسی حد تک مطمئن ہیں،کسی حد تک غیر مطمئن یا بالکل بھی مطمئن نہیں ہیں ؟"۔** اس سوال کے جواب میں60% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سے منتخب کیئے جانے والےطریقہ کار سے مکمل طور پر مطمئن ہیں، 26% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس سے کسی حد تک مطمئن ، 6% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس سے کسی حد تک غیرمطمئن ،جبکہ 5% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے حوالے سے

منتخب کیئے جانے والے طریقہ کار سے مکمل طور پر غیرمطمئن ہیں ، تاہم 3% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" آپ امداد ملنے کے حوالے سے مندرجہ ذیل مراحل کو کیسے ریٹ کر یں گے؟ براہ مہربانی بتائیں کیا آپ احساس پروگرام کے حوالے سے منتخب کیئے جانے والے طریقہ کار سے بہت زیادہ مطمئن ہیں،کسی حد تک مطمئن ہیں،کسی حد تک غیر مطمئن یا بالکل بھی مطمئن نہیں ہیں؟"**

**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## 8) احساس پروگرام سے امداد وصول کرنے والے تقریباً ہر 10 میں سے 9 (89%) پاکستانیوں کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے مطمئن ہیں ۔

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، احساس پروگرام سے امداد وصول کرنے والے تقریباً ہر 10 میں سے 9 (89%) پاکستانیوں کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے مطمئن ہیں ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب احساس پروگرام سے امداد حاصل کرنے والے خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ امداد ملنے کے حوالے سے مندرجہ ذیل مراحل کو کیسے ریٹ کر یں گے؟ براہ مہربانی بتائیں کیاآپ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے بہت زیادہ مطمئن ہیں،کسی حد تک مطمئن ہیں،کسی حد تک غیر مطمئن یا بالکل بھی مطمئن نہیں ہیں ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں62% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے مکمل طور پر مطمئن ہیں، 27% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے کسی حد تک مطمئن ، 5% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے کسی حد

تک غیرمطمئن ، جبکہ 4% جوابدہندگان کے مطابق وہ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے مکمل طور پر غیرمطمئن ہیں، تاہم 2% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" آپ امداد ملنے کے حوالے سے مندرجہ ذیل مراحل کو کیسے ریٹ کر یں گے؟ براہ مہربانی بتائیں کیاآپ احساس پروگرام کے تحت ملنے والی رقم سے بہت زیادہ مطمئن ہیں،کسی حد تک مطمئن ہیں،کسی حد تک غیر مطمئن یا بالکل بھی مطمئن نہیں ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## 9) 90% پاکستانیوں کے مطابق احساس پروگرام کو مزید چلانا چا ہیے اور مزید افراد کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے۔

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 90% پاکستانیوں کے مطابق احساس پروگرام کو مزید چلانا چا ہیے اور مزید افراد کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا **" بعض لوگوں کے خیال میں احساس پروگرام کو مزید چلانا چا ہیے اور مزید افراد کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے، جبکہ بعض کے خیال میں اس میں مزید اضافہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 90% جوابدہندگان کے مطابق احساس پروگرام کو مزید چلانا چا ہیے اور مزید افراد کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے ،جبکہ 4% جوابدہندگان کے مطابق احساس پروگرام میں مزید اضافہ کی ضرورت نہیں ہے ، تاہم 6% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" بعض لوگوں کے خیال میں احساس پروگرام کو مزید چلانا چا ہیے اور مزید افراد کو اس میں شامل کیا جانا چاہیے، جبکہ بعض کے خیال میں اس میں مزید اضافہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے؟"**

**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے2407مرد و خواتین سے 13 اگست 2021 تا 05 ستمبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, December 23, 2021**

*(11 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years

of Gallup Pakistan
(1980-2021)